# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 02 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 02/نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ آج ہوگا دیوالی کے پاڑوا اور وکرم سنوت 2081 کا آغاز اور کل منایا گیا لکشمی پوجا کا تہوار جوش و خروش کے ساتھ۔

☆ ملک بھر میں اشیاء و خدمات ٹیکس GST کی آمدنی میں 9/فی صد کا اضافہ۔

☆ ریاست بھر میں C-Vigial App پر انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی 2 ہزار 62 شکایات موصول۔

☆ شولا پور ضلع میں 4 جبکہ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں 2/افراد پانی میں ڈوب کر ہلاک۔

اور۔۔۔☆ نیوزی لینڈ کے خلاف ممبئی ٹیسٹ کرکٹ میچ کی پہلی اننگ میں بھارت 149 رنوں سے پیچھے۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

دیوالی تہوار کا اہم رکن پاڑوا آج منایا جارہا ہے۔ وکرم سنوت 2081 یعنی تاجر برادری کے نئے سال کا آج سے آغاز ہورہا ہے۔ پاڑوے کے موقع پر ہر طرف خاص طور پر خریدی کا ماحول رہتا ہے۔ شہریان گھر، گاڑیاں، زیورات اور دیگر ساز و سامان اس مبارک دن میں خریدتے ہیں۔

اسی دوران کل دیوالی میں سب سے زیادہ قابل احترام لکشمی پوجا کا تہوار منایا گیا۔ گاہکوں کا لکشمی پوجا کے لیے پھل، پھول اور دیگر نذرانے کی اشیاء خریدنے کی خاطر بازار میں کل ہجوم رہا۔ کل شام لکشمی پوجا گھر گھر روایتی انداز میں کی گئی۔ گھروں کے سامنے خوبصورت رنگولیاں بنائی گئیں اور آسمان کو آتش بازی سے روشن کیا گیا۔

***** **** *****

لکشمی پوجا کے موقع پر کل ممبئی میں National Stock Exchange اور ممبئی اسٹاک ایکسچینج میں تعطیل رہی۔ تاہم تاجروں کے سال وکرم سموت 2081 کے آغاز کے موقع پر کل ان اسٹاک ایکسچینج میں مہورت کے طور پر سودے کئے گئے۔ خبروں میں کہا گیا ہے کہ Pre Start سودے کل شام ۶/بجے تک جبکہ مہورت کے سودے شام ۷/بجے تک ہوتے رہے۔

***** **** *****

مرکزی حکومت نے نموڈرون دیدی اسکیم پر عمل آوری سے متعلق ہدایات جاری کی ہیں۔ اس اسکیم کا انتظام مرکزی سطح پر ایک بااختیار کمیٹی کو سونپا گیا ہے۔ حکومت نے بتایا کہ اس کمیٹی میں محکمہ زراعت اور کسانوں کی بہبود، دیہی ترقی کے محکمے، کھاد اور کیمیکل کے محکمے کے سیکریٹریز شامل ہوں گے۔

***** **** *****

19/کلو کمرشیل گیس سیلنڈر کی قیمت میں کل 62 روپیوں کا اضافہ کیا گیا۔ یہ نئی قیمتیں کل سے نافذ ہوگئی۔ ATF یعنی ہوائی جہازوں کے ایندھن میں 3000 روپئے فی کلو کا اضافہ کیا گیا ہے۔ تاہم گھریلو گیس سیلنڈر کی قیمت میں کوئی اضافہ یا کمی نہیں کی گئی ہے۔

***** **** *****

گذشتہ اکتوبر کے مہینے میں اشیاء وخدمات ٹیکس GST کے محکمے کی آمدنی میں 9 رفیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ گذشتہ برس اشیاء وخدمات ٹیکس GST محکمے کو اکتوبر تک ایک لاکھ 72 ہزار کروڑ کی آمدنی ہوئی۔ جبکہ رواں برس کا GST ٹیکس اکتوبر تک ایک لاکھ 87 ہزار کروڑ روپیوں سے بھی زیادہ ہے۔ ایک سرکاری ریلیز میں کہا گیا ہے کہ گھریلو خرید وفروخت میں اضافے کے سبب اس برس کا ریوینیو بڑھ گیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست بھر میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں سے متعلق C-Vigil App پر کل 2062 شکایات موصول ہوئی ہیں۔ جن میں سے 259 شکایات کو انتخابی کمیشن نے حل کیا ہے۔ Chief Electrol افسر کے دفتر سے یہ اطلاع دی گئی۔ اسی دوران قانون نافذ کرنے والے مختلف اداروں کی جانب سے کی گئی کارروائیوں میں اب تک کم وبیش 234 کروڑ 49 لاکھ روپیوں کے اثاثے ضبط کئے گئے ہیں۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر مختلف سیاسی جماعتوں نے اپنے امیدواروں کی انتخابی مہم ہاتھوں میں لے لی ہے۔ اس مناسبت سے وزیر اعظم نریندر مودی مہاراشٹر کے مختلف علاقوں میں جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔ ان کی پہلی میٹنگ 8 رنومبر کو دھولیہ میں ہوگی۔ اسی طرح لوک سبھا میں حزبِ اختلاف کے قائد راہل گاندھی بھی 6 رنومبر کو ریاست کے انتخابی دورے پر آرہے ہیں۔ کانگریس پارٹی کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ وہ ناگپور اور ممبئی میں ہونے والے جلسوں سے خطاب کریں گے۔

***** ***** *****

ممبادیوی اسمبلی حلقے سے شیوسینا کے امیدوار شائنا NC کے خلاف جارحانہ بیان دینے کے سلسلے میں شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے رکن پارلیمان اروند ساونت کے خلاف ناگپاڑہ پولس اسٹیشن میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ممبئی کے ماہم اسمبلی حلقے سے شیوسینا کے امیدوار سدا سرونکر نے کہا ہے کہ وہ الیکشن لڑنے کے لیے پرعزم ہیں اور وہ کبھی پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ مرونکر کل صحیفہ نگاروں سے بات کررہے تھے۔ اسی بیچ BJP نے ماہم اسمبلی حلقے میں منسے کے امیدوار امت ٹھاکرے کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ سرونکر نے کہا ہے کہ انہوں نے اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے سے ملنے کی کوشش کی ہے تاہم ملاقات نہیں ہوسکی۔

***** ***** *****

سامعین اکرام اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر ’’آڑاوا دھان سبھا متدار سنگھا چھا‘‘ نامی پروگرام روزانہ شام ۷ر بج کر ۱۰ر منٹ پر آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔ اس پروگرام میں آج پربھنی اور ہنگولی اضلاع کے انتخابی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

ریلوے ریزرویشن سے متعلق نئے ضابطے کل سے نافذ کردیئے گئے۔ ریزرویشن اب ۱۲۰ر دنوں کی بجائے ۶۰ر دن پہلے کیا جاسکے گا۔ تاہم گذشتہ ۳۱ر اکتوبر تک جو ریزرویشن کئے گئے ہیں وہ قائم رہیں گے۔ اس نئے ضابطے سے ریلوے ٹکٹوں کی کالا بازاری پر روک لگے گی ساتھ ہی ٹکٹ منسوخ کرنے کی تعداد میں بھی کمی ہوگی۔ ریلوے محکمے نے یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

فی الحال عوامی بیداری ہفتہ منایا جارہا ہے۔ گذشتہ ۲۸/اکتوبر سے جاری اس ہفتے میں رشوت خوری کے خلاف عوامی بیداری مہم چلائی جاری ہے۔ اس مناسبت سے چھترپتی سمبھاجی نگر کے بدعنوانی مخالف محکمے کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولس سریش نائیک نورے نے شہریان سے چوکس رہنے اور بے خوف ہوکر بدعنوانی کے معاملات کی اطلاع دینے کی اپیل کی ہے۔ اپنے جاری کیئے گئے بیان میں انہوں نے کہا کہ رشوت کالینا اور دینا قانونی طور پر جرم ہے۔

***** **** *****

شولاپور ضلع کے ماڑھا تعلقے میں گنا توڑنے والے ۴/مزدور دریا میں ڈوب کر ہلاک ہوگئے۔ یہ مزدور جن کی عمریں ۲۴ تا ۲۶ برس کے درمیان تھی۔ ایوت محل ضلع سے گنا توڑنے کے لیے ماڑھا تعلقے کے جگدالے بستی میں آئے تھے۔ کل دوپہر یہ محنت کش نہانے کے لئے سین ندی میں اترے۔ جس کے بعد یہ حادثہ پیش آیا۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ اس حادثے کی اطلاع ملتے ہی ماڑھا کی پولس حادثے کی جگہ پر پہنچ گئی۔

اسی طرح چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں بھی دو نوجوان کنویں میں ڈوب گئے۔ جس سے ان کی موت واقع ہوگئی۔ یہ حادثہ لاسورا سٹیشن کے علاقہ میں پیش آیا۔ اطلاعات کے مطابق مرنے والے ان دونوں بھائیوں کی عمر میں 17 اور 18 برس تھیں۔ جب ایک بھائی پھسل کر کنویں میں جا گرا تب دوسرا بھائی اسے بچانے کی کوشش میں ڈوب گیا۔

***** **** *****

دیوالی کی خوشیوں میں ہر ایک کو شریک کرنے کی خاطر مختلف سماجی تنظیموں کی جانب سے ہر برس کوششیں کی جاتی ہے۔ RSP کے ساوتری بائی پھلے مہیلا ایکاتم سماج منڈل کی جانب سے پسماندہ افراد میں دیوالی کا پھراڑ تقسیم کرنے کے عمل کو عوامی شرکت کے ساتھ انجام دیا گیا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے شہریان کی جانب سے رضاکارانہ طور پر جمع کئے گئے پھراڑ کے پیکٹس تقریباً 5 سو خاندانوں تک پہنچائے گئے۔ وہیں ان واچوا کمیٹی کی جانب سے چھترپتی سمبھاجی نگر میں معذوروں اور نابینا افراد میں مٹھائیاں اور کپڑے تقسیم کر کے دیوالی منائی گئی۔

***** **** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان ٹیسٹ کرکٹ سیریز کے تیسرے اور آخری میچ کی پہلی اننگز میں بھارت 149 رنوں سے پیچھے ہے۔ ممبئی کے وانکھیڈے اسٹیڈیم میں کل صبح شروع ہونے والے اس میچ میں نیوزی لینڈ کی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کی۔ مہمان ٹیم 235 رنز بنا کر آل آوٹ ہوگئی۔ اس انگ میں رویندر جڈیجہ نے 5، واشنگٹن سندر نے 4 اور آکاش دیپ نے ایک وکٹ لی۔ کل جب پہلے دن کا کھیل رکا تو رشبھ پنت کی کپتانی میں بھارت نے 4/وکٹوں کے نقصان پر 86 رنز بنائے۔

شبھمن گل 31 اور رشبھ پنت ایک رن پر کھیل رہے ہیں۔ اس سیریز کے پہلے میچ جیتنے کے بعد نیوزی لینڈ کی ٹیم کی 2.0 سے فاتحانہ برتری برقرار ہے۔

***** **** *****

انڈین پریمئر لیگ آئی پی ایل 2025 کے مقابلوں کے لیے ہاردک پانڈیہ کی ممبئی انڈینس ٹیم کا دوبارہ کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ 2024 کے آئی پی ایل ٹورنامنٹ میں روہیت شرما کی جگہ ہاردک پانڈیہ کو کپتان بنایا گیا تھا۔ روہیت شرما کی کپتانی میں ممبئی انڈینس نے 5 مرتبہ آئی پی ایل مقابلے جیتے ہیں۔

***** ***** *****

دیوالی اور چھٹ پوجا کے پیش نظر مسافروں کی بڑھتی ہوئی تعداد کو دیکھتے ہوئے وسطی ریلوے نے ممبئی سے گورکھپور، داناپور، چھپرا اور قاض پیٹھ کے لیے خصوصی ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ ٹرینیں آج اور کل چلائی جائیں گی۔

*** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ آج ہوگا دیوالی کے پاڑوا اور وکرم سنوت 2081 کا آغاز اور کل منایا گیا لکشمی پوجا کا تہوار جوش وخروش کے ساتھ۔

☆ ملک بھر میں اشیاء وخدمات ٹیکس GST کی آمدنی میں 9/فی صد کا اضافہ۔

☆ ریاست بھر میں C-Vigial App پر انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی 2 ہزار 62 شکایات موصول۔

☆ شولا پور ضلع میں 4 جبکہ چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع میں 2/افراد پانی میں ڈوب کر ہلاک۔

اور۔۔۔☆ نیوزی لینڈ کے خلاف ممبئی ٹیسٹ کرکٹ میچ کی پہلی اننگ میں بھارت 149 رنوں سے پیچھے۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****